## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کر دی گئی، انچارج سمیت 11 رکنی کوآرڈی نیشن کمیٹی کا اعلان

## تنظیم نو کا اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے لیبر ڈویژن کے جنرل ورکرز اجلاس میں کیا

## جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل کر کے غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب لایا جاسکتا ہے، ڈاکٹر فاروق ستار

## جناب الطاف حسین انقلابی لیڈر ہیں، سلیم شہزاد

## تحریک میں تبدیلی کا عمل ہوتا ہے اور تحریک سے وابستہ ہر شعبے کے کارکنان تحریک کا اثاثہ ہیں، ایم کیوایم رہنما عامر خان

## لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کے اجلاس سے خطاب

کراچی۔۔۔23، اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کر دی ہے اور لیبر ڈویژن کے انچارج سمیت 11 رکنی مرکزی کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے ۔ لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کا اعلان ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس میں کیا جس میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے سرکاری ونیم سرکاری اداروں کے محنت کشوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی ۔ اجلاس سے ڈاکٹر فاروق ستار کے علاوہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد، ایم کیوایم کے رہنما عامر خان اور لیبر ڈویژن کے سابق انچارج انور سلیم نے خطاب کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ بھی موجود تھے ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ایم کیوایم عالمگیر تحریک ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ پر عمل کر کے غریب ومتوسط طبقے کا انقلاب لایا جاسکتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر عمل کر کے پوری دنیا میں نظام کو تبدیل کیا جاسکتا ہے اور حق پرستی کے اس نظریئے میں اتنی طاقت ہے کہ فتح ایک دن ضرور حق پرستوں کا مقدر بنے گی ۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی تحریک کیلئے لیبر ڈویژن کا شعبہ بہت اہمیت کا حامل ہوتا ہے اور تحریکوں کی کامیابی کے پیچھے ہاریوں، مزدوروں، محنت کشوں اور غریب ومتوسط طبقہ کا ہی کردار ہوتا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ایمانداری کے ساتھ تحریک کی ذمہ داری نبھائی جائے تو ان کے کاموں کی تعریف عدالت عظمیٰ کے چیف جسٹس بھی کرتے ہیں اور جناب الطاف حسین کی سچائی کا اس سے بڑا ثبوت اور کیا ہوسکتا ہے ۔ انہوں نے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے نومنتخب انچارج، جوائنٹ انچارجز اور اراکین کو دلی مبارکباد پیش کی اور انہیں تلقین کی وہ تحریکی کام احساس ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سلیم شہزاد نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین انقلابی لیڈر ہیں یہی وجہ ہے کہ غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے انہوں نے جس تحریک کی بنیاد رکھی اس میں کسی عہدے پر جناب الطاف حسین کا کوئی رشتہ دار فائز نہیں ہے مگر حق پرستی کی تحریک کے شہداء کی فہرست میں جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی اور بھتیجے کا لہو ضرور شامل ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہزاروں میل دوری کے باوجود کارکنان سے جناب الطاف حسین کی محبت کا رشتہ مضبوط سے تر مضبوط ہوتا جارہا ہے جو آج تحریک کے فکر وفلسفہ پر پورا اتر رہے ہیں وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین سے سچی عقیدت ومحبت رکھتے ہیں ۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیوایم کے رہنما عامر خان نے کہا کہ تحریک میں تبدیلی کا عمل ہوتا ہے اور تحریک سے وابستہ ہر شعبے کے کارکنان تحریک کا اثاثہ ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ کارکنان کا ہر اچھا عمل تحریک کیلئے فائدہ مند اور برا عمل تحریک کیلئے نقصان کا باعث ہے لہٰذا تمام کارکنان تحریک کے نظم وضبط پر سختی سے عمل پیرا رہیں اور لٹریچر کا مطالعے کو روز کا معمول بنائیں ۔ اجلاس سے ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے سابق انچارج انور سلیم نے بھی خطاب کیا۔ ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی تنظیم نو کے مطابق لیبر دویژن کے انچارج کاظم علی رضا، جوائنٹ انچارجز ایس اسد علی کاظمی، ایم ارشد انصاری، اراکین ایس اسد اعجاز، ایم آصف صدیقی، مہتاب صدیقی، ایم شبیر خان، کامران عثمانی، نظام اور زوار حسین شامل ہیں ۔

## حق پرست صوبائی وزیر محترمہ نادیہ گبول نے شوہر کے ہاتھوں جلائی جانے والی ممتاز بیگم کی سول اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی۔۔۔23، اپریل 2012ء

حق پرست صوبائی وزیر ہیومن رائٹس ڈیپارٹمنٹ سندھ محترمہ نادیہ گبول نے پیر کے روز ٹھٹھہ میں شوہر کے ہاتھوں پٹرول چھڑک کر جلائی جانے والی خاتون محترمہ ممتاز بیگم کی سول اسپتال کے برنس وارڈ جا کر عیادت کی اور واقعہ کی تفصیلات کی معلوم کیں ۔ انہوں نے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی اور اسے خواتین کے بنیادی حقوق کی سنگین خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے ہوئے جھلسنے والی خاتون سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ شوہر کے ہاتھوں اپنی اہلیہ کو جھلسانے کے عمل سے معاشرے میں خواتین کے ساتھ ناانصافیوں اور زیادتیوں کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے اور خواتین کے ساتھ ایسے وحشیانہ سلوک کی مذمت کرنا اور ایسے افراد کی حوصلہ شکنی کرنا ہر مہذب شہری کی ذمہ داری ہے۔ محترمہ نادیہ گبول نے ممتاز بیگم کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی اور اسپتال کے عملے کو ممتاز بیگم کے علاج ومعالجہ میں کوئی کسر باقی نہ رکھنے کی ہدایت بھی کی ۔

## ایم کیوایم ڈیرہ اسماعیل خان زون آفس کا افتتاح کردیا گیا

### افتتاح ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی خیبر پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج طاہر کھوکھر نے کیا

### افتتاح تقریب میں واپڈا کے صدر محمد نواز، جنرل سیکریٹری خلیل فاروقی، سرائیکی پارٹی کے رہنماؤں سمیت وپروفیسرز، وکلاء تاجر برادری اور اپریٹر کونسل کے رہنماؤں سمیت پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے اراکین، ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں کی شرکت

ڈیرہ اسماعیل خان:۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈیرہ اسماعیل خان زون آفس کا افتتاح کردیا گیا۔ یہ افتتاح ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی خیبر پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج طاہر کھوکھر نے کیا۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ڈیرہ اسماعیل خان زون آفس میں ایک تقریب منعقد کی گئی۔جس میں واپڈا کے صدر محمد نواز، جنرل سیکریٹری خلیل فاروقی، سرائیکی پارٹی کے رہنماؤں سمیت پروفیسرز، وکلاء تاجر برادری اور اپریٹر کونسل کے رہنماؤں سمیت پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے اراکین، ذمہ داران وکارکنان اور ہمدردوں نے شرکت کی۔قبل ازیں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی خیبر پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج طاہر کھوکھر واراکین کمیٹی نے ڈیرہ اسماعیل خان زون کے ذمہ داران وکارکنان کے ہمراہ قاضی کھوکھر کے جانب سے دیئے گئے ظہرانے کی تقریب میں شرکت کی اور نثار تھند، جمعیت علماء پاکستان کے صوبائی نائب صدر پیر شیر محمد سے ملاقات کی۔علاوہ ازیں انہوں نے گزشتہ روز کراچی سے اسلام آباد جانیوالی بوجا ایئر لائن کے تباہ ہونے کے حادثے میں جاں بحق ہونیوالی خاتون اوران کی صاحبزادی کی ہلاکت پر انکے گھر جاکر سوگوار لواحقین سے ملاقات کرکے افسوس کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔بعدازاں ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی خیبر پختونخوا کشمیر گلگت بلتستان کمیٹی کے جوائنٹ انچارج طاہر کھوکھر واراکین کمیٹی نے پہاڑ پور میں ہونیوالے جلسہ عام میں شرکت کی اوراظہار خیال کیا۔جلسہ عام سے اظہار خیال کرتے ہوئے طاہر کھوکھر نے کہا کہ ایم کیوایم کا نظریہ اورفکر وفلسفہ ملک کے کونے کونے تک پہنچ چکا ہے اب اس نظریہ اورفکر وفلسفہ گھر گھر پہنچانے کیلئے ہمیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے شانہ بشانہ جدوجہد کرنی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم میں شامل تمام قومیتوں کے افرادغریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے عملی کردار ادا کررہے ہیں وہ دن دورنہیں جب ملک بھر سے جاگیردارانہ ووڈیرانہ نظام کا خاتمہ ہوگا اورملک میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی قائم ہوگی۔اس موقع پر جلسہ عام میں شریک جمعیت علمائے اسلام کے حاجی عبدالرشید اور مشعل خان نے ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا۔اس موقع پر طاہر کھوکھر نے شمولیت اختیار کرنے والے افراد کا ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے پر ان کا خیر مقدم کیا اورانہیں مبارکباد پیش کی۔

## طیارہ حادثہ میں جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے ہمدردوں اور دیگر افراد کو کراچی کے مختلف قبرستانوں میں سپرد خاک کردیا گیا

### نماز جنازہ وتدفین میں حق پرست منتخب نمائندوں، ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی

کراچی۔۔۔23،اپریل2012ء

طیارہ حادثہ میں جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے مزید ہمدردوں کی میتیں گزشتہ روز اسلام آباد سے کراچی ایئرپورٹ پہنچ گئیں جنہیں بعدازاں شہر کے مختلف قبرستانوں میں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا جبکہ طیارہ حادثہ میں ہی جاں بحق ہونے والے ایم کیوایم کے دو ہمدردوں کی تدفین مردان اوراسلام آباد کے آبائی گاؤں میں کردی گئیں۔ جاں بحق ہونے والوں کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست ارکان اسمبلی، ایم کیوایم کے مقامی سیکٹرز کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومین کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تفصیلات کے مطابق طیارہ حادثہ میں جاں بحق ہونے والے نارتھ کراچی کے رہائشی عزیز الرحمٰن کو نیوکراچی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا، ناظم آباد گلبہار کے رہائشی حماد علی اور محترمہ طاہرہ بیگم کو سخی حسن قبرستان، گلستان جوہر کی رہائشی محترمہ نسرین جہاں کو عسکری قبرستان، ملیر کی رہائشی محترمہ سیدہ عظمیٰ انعام اور ناظم آباد کے رہائشی مفتی محمد عرفان کی تدفین اسلام آباد کے قبرستان جبکہ پی آئی بی کے رہائشی مولانا عطاء الرحمٰن کو مردان کے قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کے حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا اورانہیں صبر کی تلقین کی۔

## ایم کیوایم فیصل آباد تحصیل جڑانوالہ کے کارکن محمد یٰسین کے انتقال پر جناب الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن:۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم فیصل آباد تحصیل جڑانوالہ کے کارکن محمد یٰسین کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

کراچی:۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے گڈاپ سیکٹر یونٹ فلٹر پلانٹ کے کارکن شیر علی کی والدہ محترمہ رحیماں کی انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے۔(آمین)

## متحدہ قومی موومنٹ اپنے قیام سے لیکر آج تک غریب عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی ترقی کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے،محمد شریف

## ایم کیوایم نے عملی طور غریب و متوسط طبقے کے مظلوم عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کو ثابت کیا ہے،وزیرزبیر احمد

حیدرآباد۔۔۔23اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے کہا ہے کہ ایم کیوایم نے غریب و متوسط طبقے کی عوام الناس کو طبی سہولیات کی فراہمی اور مختلف موذی بیماریوں سے بچاؤ کی آگاہی فراہم کرتی رہی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے حیدرآباد زون میڈیکل ایڈ کمیٹی اور سیکٹر H- کے زیر اہتمام باغ مصطفیٰ گراؤنڈ لطیف آباد نمبر 8 میں منعقد ہونے والے بلڈ شوگر ٹیسٹ اور ہیپا ٹائٹس B,C سے بچاؤ کے بارے میں آگاہی اور ہیپا ٹائٹس B کی ویکسن فراہم کرنے کیلئے لگائے گئے معلوماتی پروگرام کے حوالے سے کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پرحق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد،اراکین زونل کمیٹی ظفر احمد صدیقی،مبین احمد سیکٹر H- کے ذمہ داران وکارکنان کے علاوہ لطیف آباد سے تعلق رکھنے والے مرد و خواتین کی بڑی تعداد موجود تھی۔انہوں نے مذید کہا کہ اور متحدہ قومی موومنٹ اپنے قیام سے لیکر آج تک غریب عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی ترقی کی جدوجہد میں مصروف عمل ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر آج متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر میں عوامی مسائل کے حل کیلئے آواز حق بلند کررہی ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے نے ملک میں مظلوم عوام کی حکمرانی کی بنیاد ڈالی ہے حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد نے کہا کہ غریب و متوسط طبقے کے مظلوم عوام کو درپیش مسائل کو اولین ترجیحات پر حل کرنے کیلئے حق پرست نمائندے عوامی خدمت میں ہر وقت کوشاں ہیں اور ایم کیوایم نے عملی طور پر غریب و متوسط طبقے کے مظلوم عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کر کے ثابت کیا ہے کہ وہ عوام کے درمیان عوامی مسائل اور انکے حل کیلئے کوشاں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس ملک میں غریب و متوسط طبقے مظلوم عوام کی محرومیوں کو دور کرنے کیلئے ان ہی میں سے تعلیم یافتہ نوجوانوں کو عوامی خدمت کیلئے اقتدار کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیجا اور آج قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی بدولت حق پرست قیادت عوام کے درمیان موجود ہیں۔

## سینئر صحافی مظہر جاوید کی والدہ کے انتقال پر ایم کیوایم رابطہ کمیٹی وزونل کمیٹی کا اظہارِ تعزیت

ملتان۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا،زونل انچارج رائے خالد محمود و اراکین زونل کمیٹی ملتان نے روزنامہ خبریں کے سینئر رپورٹر اور ملتان پریس کلب کی مجلس عاملہ کے رکن مظہر جاوید کی والدہ اور روزنامہ آفتاب کے چیف ایڈیٹر اور اے پی این ایس کی ریجنل کمیٹی کے چیئرمین ممتاز طاہر کی ہمشیرہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔اس ضمن میں ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب،بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی گئی۔قبل ازیں متحدہ قومی موومنٹ ملتان زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے عام خاص باغ میں ہونے والی مرحومہ کی نماز جنازی میں شرکت کی اور مظہر جاوید و دیگر سوگوارلواحقین سے ملاقات کی اور دلی تعزیت کا اظہار کیا۔

## جناب الطاف حسین کو اللہ تعالیٰ نے غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام میں سے تعلیم یافتہ، باشعور، ایماندار افراد کو ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیجا، محمد شریف

حیدرآباد۔۔۔23اپریل2012

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون کے سیکٹرسی میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی آڈیو کیسٹ کے ذریعے فکری نشست کی تقریب منعقد ہوئی۔تقریب کے آغاز میں ایم کیو ایم حیدرآباد زون کے زونل انچارج محمد شریف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ۹۸ فیصد عوام کے حقوق کے حصول کی جس جدوجہد کا آغاز کیا تھا وہ آج بھی جاری وساری ہے اور سندھ کی عوام کیساتھ ساتھ اب ملک کے کونے کونے سے مظلوم عوام قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم پر جمع ہورہے ہیں۔انہوں مذید کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اللہ تعالیٰ نے وہ خداداد صلاحیت اور سیاسی بصیرت عطا کی جس کی بدولت انہوں نے غریب ومتوسط طبقے کے مظلوم عوام میں سے تعلیم یافتہ، باشعور، ایماندار افراد کو ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیجا کر یہ ثابت کردکھایا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کرنا چاہتی ہے جس سے خوفزدہ ہوکر باطل قوتوں نے ایم کیو ایم کو صفحہ ہستی سے مٹانے کیلئے ریاستی آپریشن کا آغاز کیا اور اس ریاستی آپریشن میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بھائی بھتیجے سمیت پندرہ ہزار سے زائد کارکنان نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ ہمیں منزل کو پانے کیلئے اپنے اتحاد کو مستحکم ومضبوط بنانا ہوگا اور قائد تحریک الطاف حسین کے نظریہ کو ملک کے گوشہ گوشہ میں پھیلانا ہوگا انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم ہی غریب ومتوسط طبقہ کو جاگیردارانہ نظام سے نجات دلاسکتی ہے قائد تحریک الطاف حسین نے ۹۸ فیصد عوام کے حقوق کیلئے دیگر لیڈروں کی طرح صرف نعرے نہیں دیئے بلکہ اسکے لئے جدوجہد کرکے عمل کا رنگ بھرا ہے انہوں نے کہا کہ الطاف حسین کو دبانے جھکانے اور مٹانے کیلئے ۲ فیصد طبقہ نے گھناؤنی سازشیں کیں مگر انہیں اپنے عزائم میں کامیابی نہ ہوسکی اور الطاف حسین کے عزم وحوصلے کے آگے تمام سازشیں دم توڑ گئیں۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کو ترقی یافتہ ملک بنانے میں کامیابی تب ہی حاصل کرسکتے ہیں جب ہم قائد تحریک الطاف حسین کی تعلیمات پر مکمل طور پر عمل پیرا ہوں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین نے ملک کی ترقی کیلئے نہ صرف مثبت سوچ وفکر کو جنم دیا بلکہ اسے پروان چڑھانے کیلئے وہ عملی جدوجہد میں مصروف ہیں مگر اس جدوجہد کو کامیابی سے ہمکنار کرنے کیلئے ہم سب کو بھی اپنا عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔اس تقریب میں ارکین زونل کمیٹی مبین احمد، عابد غوری، حق پرست ارکین قومی وصوبائی اسمبلی صلاح الدین، سید وسیم حسین سیکٹر ویونٹس کے ذمہ داران وکارکنان کی کثیر تعداد موجود تھی۔

## جناب الطاف حسین کی شخصیت ملک بھر کے نوجوانوں کیلئے قابل تقلید ہے، ایم کیو ایم سکھر زون
## ملک کے غریب ومظلوم عوام کو اس کے جائز حق دلوانے کیلئے ایک انقلابی تحریک کی بنیاد رکھی
## یوسی 08.B میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے اظہارِ خیال

سکھر:۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سکھر زون کے زونل انچارج محمد قطب الدین بھائی، جوائنٹ زونل انچارج سید ابوالکلام شاہ بھائی، زونل ممبر دیوان چند چاؤلہ بھائی اور نعیم قریشی بھائی نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ملک بھر کے نوجوانوں کیلئے قابل تقلید ہے جنہوں نے کم عمری میں اس ملک کے غریب ومظلوم عوام کو اس کے جائز حق دلوانے کیلئے ایک انقلابی تحریک کی بنیاد رکھی ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوسی 08.B میں کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ کارکنان اپنے آپ کو نظریاتی رسی سے جوڑے رکھیں، نظم وضبط پر سختی سے عمل کریں، اپنے عمل وکردار کو بہتر بنائیں، تحریکی کام کو فرض شناسی سے پورا کریں اور عوام الناس کی عمل خدمت کرتے رہیں قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین ملک کی واحد شخصیت ہیں جن کو نہ صدر، نہ وزیر اعظم بنا ہے لیکن ملک کی دیگر سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کا مقصد صرف اور صرف حکمرانی حاصل کرنا ہے انہوں نے مزید کہا کہ جبکہ قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین اس ملک میں عوامی انقلاب کی جدوجہد کررہے ہیں تاکہ اس ملک پر قائم فرسودہ موروثی نظام کا خاتمہ کرکے ملک میں حکمرانی کا اختیار غریب ومتوسط طبقہ کو دلوانا چاہتے ہیں اور قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریے میں ہی اس ملک بھر کی عوام کے مسائل کا حل ہے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، رائے خالد محمود،

## ایم کیوایم میں ہر سطح پر ذمہ داریاں میرٹ کی بنیاد پر دی جاتی ہیں

## غریب کارکنان کو اقتدار میں ایوانوں میں صرف ایم کیوایم نے پہنچایا

## زونل انچارج کی اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران سے ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں گفتگو

ملتان۔۔۔23اپریل،2012ء

ایم کیوایم ملتان زون کے انچارج رائے خالد محمود نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا تعلق غریب ومتوسط طبقے سے ہے، ان کا مکان آج بھی 120 گز پر محیط ہے، قائد تحریک جناب الطاف حسین نے طالبعلمی کے زمانے میں بھی تحریک کیلئے دن رات محنت کی، اپنے ہاتھوں سے دیواروں پر پوسٹر لگائے، حق پرستی کے سفر میں جیلیں کاٹیں، اپنے سگے بھائی اور بھتیجے سمیت ہزاروں کارکنان کی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے ذمہ داران سے ایم کیوایم ملتان ہاؤس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک کی لازوال قربانیوں اور بے مثال جدوجہد کی بدولت آج حق پرستی کا پیغام پاکستان سمیت دنیا کے کونے کونے میں پھیل چکا ہے، رائے خالد محمود نے کہا کہ ایم کیوایم میں ہر سطح پر ذمہ داریاں صرف اور صرف میرٹ کی بنیاد پر دی جاتی ہیں جبکہ پارٹی ٹکٹ بھی کارکنان کو مفت اور میرٹ کی بنیاد پر دئے جاتی ہیں انہوں نے کہا کہ غریب کارکنانوں کو اقتدار میں صرف ایم کیوایم نے پہنچایا اور وہ وقت دور نہیں جب پاکستان بھر سے غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عام لوگ اقتدار کے ایوانوں میں ہوں گے۔ اس موقع پر اے پی ایم ایس او کے ذمہ داران اور زونل کمیٹی کے جوائنٹ انچارجز واراکین زونل کمیٹی بھی موجود تھے۔

## حق پرست عوامی نمائندوں نے نوجوانوں کو صحت مند تفریح فراہم کرنے کے لئے ہر ممکن کوششیں کیں، فہیم الطافی

## اے پی ایم ایس او میر پور خاص میں سیکٹر کے تحت منعقد پہلے شہداء حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاحی تقریب سے ظہار خیال

میر پور خاص۔۔۔23اپریل،2012ء

حق پرست رکن سندھ اسمبلی فہیم احمد الطافی نے کہا ہے کہ ایک صحت مند جسم ہی صحت مند دماغ کو جنم دیتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میر پور خاص APMSO سیکٹر کے تحت منعقد ہونے والا پہلا شہداء حق کرکٹ ٹورنامنٹ کا افتتاح کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر جوائنٹ زونل انچارج احمد رضا خان اور APMSO کے سیکٹر آرگنائزر سید اویس احمد سمیت اراکین سیکٹر کمیٹی بھی موجود تھے۔ فہیم احمد الطافی نے کھلاڑیوں سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں اور قائد تحریک الطاف حُسین کے وژن کے مطابق حق پرست عوامی نمائندوں نے نوجوانوں کو صحت مند تفریح فراہم کرنے کے لیئے ہر ممکن کوششیں کیں۔ انہوں نے اے پی ایم ایس او کی جانب سے ایس اے ایل کالج میں کرکٹ ٹورنامنٹ کے انعقاد کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اسپورٹس ایونٹ اسپرٹ پیدا کرتے ہیں جن سے نوجوانوں میں مقابلہ کر کے جیتنے کی لگن اور ہار کو کھلے دل سے برداشت کرنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔

## پاکستان میں مقیم کشمیری مہاجرین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں

## حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر محمد طاہر کھوکھر کا دورہ پنجاب کے دوران مختلف تقریبات میں اظہار خیال

میر پور:۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ پاکستان میں مقیم کشمیری مہاجرین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں تاکہ ان کو دیرینہ مسائل سے چھٹکارہ مل سکے۔ مہاجرین کیلئے رہائشی کالونیوں سمیت سٹیٹ سبجیکٹ کی فراہمی کیلئے آسانیاں پیدا کی جارہی ہیں۔ متاثرین منگلا ڈیم مقیم پاکستان کی مشکلات کو بھی کم کرنے کیلئے موجودہ حکومت کام کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دورہ پنجاب کے دوران مختلف تقریبات میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ منگلا ڈیم کی تعمیر کے سلسلہ میں متاثرین نے بے پناہ قربانیاں دیں جنکا کوئی نعم البدل نہیں اور ہم ان متاثرین اور مہاجرین جموں وکشمیر جو پاکستان کے مختلف علاقوں میں مقیم ہیں انکے مسائل حل کرنے کیلئے کوشاں ہیں جن میں مہاجرین کو رہائشی سہولیات کی فراہمی، سٹیٹ سبجیکٹ کے حصول کو آسان بنانے اور آزاد کشمیر میں انکے لئے سرکاری ملازمتوں میں مختص کوٹہ کے سلسلہ میں کام تیز رفتاری سے جاری ہے اور موجودہ حکومت عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کوشاں ہے اور بہت جلد عوام تبدیلی محسوس کرینگے۔ وزیر ٹرانسپورٹ طاہر کھوکھر نے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ آزاد کشمیر کے عوام کو آرام دہ سفر کی فراہمی تک چین سے نہیں بیٹھیں گے اور اس شعبہ کے مسائل کے حل کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے

## آزاد کشمیر کے حق پرست وزیر ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر کی ایڈمنسٹریٹر بلدیہ ڈڈیال چوہدری محمد خالد بھلوٹ سے ملاقات
## تحصیل ڈڈیال میں ٹریفک مسائل اور تجاوزات سمیت دوسرے مسائل پر گفتگو

ڈڈیال، میر پور۔۔۔۔23اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ سینٹرل ایگزیکٹو کونسل کے رکن وحق پرست وزیر ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر محمد طاہر کھوکھر گزشتہ روز ایک روزہ دورہ پر ڈڈیال پہنچے جہاں انہوں نے بلدیہ ڈڈیال کے ایڈمنسٹریٹر چوہدری محمد خالد بھلوٹ سے ملاقات اور شہری مسائل پر تفصیلی گفتگو کی۔اس موقع پر وزیر ٹرانسپورٹ نے تحصیل ڈڈیال میں ٹریفک کے مسائل کے حل سمیت تجاوزات کے خاتمہ اور شہریوں کو تمام بنیادی سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر اور فوری اقدامات اٹھانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت آزاد کشمیر کے عوام کے مسائل حل کرنے کی جدوجہد کررہی ہے اور تمام حکومتی اداروں کو فعال کردار ادا کرتے ہوئے حکومت کے وژن کے مطابق عوام کو سہولیات فراہم کرنے کیلئے تیز رفتاری سے کام کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ وزارت ٹرانسپورٹ آزاد کشمیر نے عوام کو جدید، آرام دہ اور کم خرچ سفر مہیا کرنے کا تہیہ کررکھا ہے اور ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کروانا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے جسے پورا کرنے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے۔ایڈمنسٹریٹر بلدیہ چوہدری خالد بھلوٹ نے کہا کہ بلدیہ کے تمام وسائل شہریوں کی بہتری کیلئے خرچ ہونگے اور ڈڈیال شہر کو آزاد خطہ کا ماڈل شہر بنائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ شہر سے ناجائز تجاوزات کے خاتمہ کی مہم تیز کردی جائے اور کسی کو غیر قانونی تجاوزات کی اجازت نہیں دی جائے گی اور صحت وصفائی کی حالت کو بھی بہتر کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆